82831-ملازمت والی جگہ سے باقی ماندہ اور زائد سامان لینے کا حکم

سوال

ایک شخص امریکی کمپنی کی ایک برانچ میں کام کرتا ہے، اس شخص کے کام کے لیے ایک جگہ مقرر کردی گئی ہے اوراس کا ایک معاون بھی ہے، کمپنی نے اس جگہ کے لیے کچھ اشیاء ماہانہ کے اعتبار سے مقرر کی ہیں، مثلا چائے کی پتی، چینی، اور دوسرے خشک مشروبات، ہوتا یہ ہے کہ مہینہ مکمل ہونے پر کچھ اشیاء باقی بچ جاتی ہیں، جن کا واپس کرنا ممکن نہیں، توکیا ملازمین کے لیے یہ بچی ہوئی اشیاء اپنے گھر لے جانی جائز اور حلال ہیں ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو یہ اشیاء کمپنی کی جانب سے انہیں بطور ملکیت دی جاتی ہیں تو باقی ماندہ اشیاء گھر لے جانے میں کوئی حرج نہیں، اور خاص کر جب یہ اشیاء واپس کرنا ممکن ہی نہیں، تو پھر یہاں انہیں ضرور لے جانا متعین ہوجاتا ہے تا کہ مال ناحق ضائع نہ ہو.

لیکن اگر کمپنی یہ اشیاء صرف اس لیے دیتی ہے کہ وہ صرف کمپنی میں ہی استعمال کی جائیں، اوراس میں کوئی چیز لے جانے کی اجازت نہ دیتی ہو تو پھر ملازمین کے لیے یہ اشیاء اپنے گھر لے جانی جائز نہیں.

اس لیے کمپنی کے ذمہ داران سے اس معاملہ کی حقیقت حال معلوم کرنے کے لیے استفسار کرنا ضروری ہے.

واللہ اعلم.